ادارہ

نبوت کے جھوٹے دعوے داروں کا عبرت ناک انجام

لاہور (پ۔ر) تحریکِ آزادی کے رہنما، مفکرِ احرار اور صاحبِ طرز ادیب چودھری افضل حق کے فرزند پروفیسر قمرالحق پاشا نے مجلس احرار اسلام میں شمولیت اختیار کر لی ہے اس بات کا اعلان انہوں نے گذشتہ روز چودھری ثناء اللہ بھٹہ کی طرف سے قائد احرار سید عطاء المہیمن بخاری کے اعزاز میں دی گئی ضیافت کے موقع پر کیا اس موقع پر پروفیسر خالد شبیر احمد، عبداللطیف خالد چیمہ، ملک محمد یوسف، میاں محمد اویس، قاری محمد یوسف احرار اور سید محمد یونس بخاری بھی موجود تھے علاوہ ازیں چودھری محمد اکرام، حکیم ذوالقرنین اور چودھری محمد ایوب پر مشتمل ایک تین رکنی کمیٹی تشکیل دی گئی جو پرانے احباب سے مل کر تنظیم سازی کے لئے ان کو جماعت میں شمولیت کی دعوت دے گی۔

لاہور (پ۔ر) مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی امیر سید عطاء المہیمن بخاری، چودھری ثناء اللہ بھٹہ، پروفیسر خالد شبیر احمد اور عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت غیر اسلامی، غیر آئینی اور غیر نمائندہ ہے۔ دینی جماعتیں حکومتی فیصلوں اور اقدامات کی حمایت نہیں کر سکتیں کشمیر کے بارے میں حکومت کے عزائم کو عوام کی تائید حاصل نہیں ایک مشترکہ بیان میں احرار رہنماؤں نے کہا ہے کہ جنرل مشرف کے صدر بن جانے سے ملک کے سیاسی حالات پر برے اثرات مرتب ہوں گے۔ محض اپنے اقتدار کو دوام بخشنے اور تمام تر اختیارات کو اپنے ہاتھ میں لینے کا منفی جذبہ کسی طور پر بھی قابلِ تحسین نہیں ہے۔ جنرل مشرف نے بھی سابقہ حکمرانوں کی طرح اپنے آپ کو ہر حال میں ناگزیر قرار دے کر جس اقتدار پرستی کا مظاہرہ کیا ہے کوئی محب وطن اور باشعور شخص اس کی تائید نہیں کر سکتا۔ مذہبی اور سیاسی جماعتوں کو اپنے مفادات سے بالاتر ہو کر اس اقدام کا بغور جائزہ لے کر کوئی پختہ اور مؤثر رائے قائم کرنی چاہیے۔ احرار رہنماؤں نے کہا کہ جنرل مشرف کے صدر بن جانے کے فیصلے کو عالمی سطح پر سب سے پہلے انڈیا نے تسلیم کیا ہے جو انتہائی معنی خیز اور قابلِ غور ہے انہوں نے کہا کہ اپنے اقتدار کو تحفظ دینے کیلئے تمام مسلمہ آئینی اور بین الاقوامی ضابطوں کی دھجیاں اڑانے والوں کے پاس انسدادِ سود کیلئے کوئی گنجائش نہیں احرار رہنماؤں نے کہا کہ اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے احکامات کے سامنے حکومتی وسرکاری اور عدالتی فیصلوں کی کوئی حیثیت نہیں سود کو جاری رکھنے کیلئے ایک سال کی مزید مہلت دینے کا مطلب عذابِ الٰہی کو دعوت دینے کے مترادف ہے۔

انہوں نے کہا کہ کشمیر کے مسئلہ پر اقوامِ متحدہ کی قراردادوں کی روشنی میں فیصلہ ہونا چاہیے تھرڈ آپشن امریکی تسلط کی سازش ہے اور قادیانی اور ملک دشمن اس کیلئے زیادہ سرگرم ہیں، انہوں نے کہا کہ اسلامی دفعات اور ملک کے نظریاتی تشخص کے خلاف امریکی و یورپی ایجنڈے پر عمل درآمد کی تیاریاں ہو رہی ہیں ان حالات میں تمام مذہبی قوتوں کو سر جوڑ کر بیٹھنا چاہیے اور کوئی مشترکہ لائحہ عمل تیار کرنا چاہیے احرار رہنماؤں نے کہا کہ چناب نگر میں قادینوں کے پاس ناجائز اسلحہ کے ڈپو موجود ہیں لیکن وہاں کوئی کارروائی نہیں ہو رہی۔

نبوت کا جھوٹا دعویدار سردارا مراثی فیصل آباد جیل میں چل بسا

انتظامیہ نے آبائی چک میں سپردِ خاک کرنے سے روک دیا

جڑانوالہ (نامہ نگار) جڑانوالہ کے نواحی چک 127 گ۔ب کا نبوت کا جھوٹا دعویدار بابا سردار محمد قلندر سرکار عرف سردارا مراثی فیصل آباد جیل